© rasailojaraid.com

# سانحۂ ارتحال

قارئین فکر و نظر تک یہ افسوسناک خبر یقیناً پہنچ چکی ہو گی کہ عالم اسلام کے نامور عالم بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے سابق صدر، اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق رکن، سپریم کورٹ شریعت اپیلٹ بنچ کے سابق رکن اور اِن دنوں وفاقی شرعی عدالت میں بطور جج خدمات سرانجام دینے والے پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی مورخہ ۲۶ ستمبر ۲۰۱۰ء کو خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کا شمار پاکستان کے اُن نامور علماء میں ہوتا تھا جو اپنی ژرف نگاہی اور علمی بصیرت کے سبب بلا اختلاف مسلک جملہ اہل علم کے ہاں انتہائی احترام کا درجہ رکھتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم نے اپنی حیاتِ مستعار کا ہر لمحہ علومِ دینیہ کی ترویج و اشاعت کے لیے صرف کیا۔ بلاشبہ اُن کی وفات حسرت آیات دنیائے علم کا ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ اللہ جل شانہٗ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرمائے اور اُن کے درجات کو بلند سے بلند تر فرمائے۔

پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن

مدیر ''فکر و نظر''

© rasailojaraid.com